NHS
Greater Glasgow
and Clyde

URDU

# وفات کا اندراج کرنا –
# آپ کے لیے کونسی باتیں جاننا ضروری ہیں



**ہمیں آپ کے نقصان پر بہت افسوس ہے۔**

یہ کتابچہ ہسپتال میں کسی کی وفات ہونے پر وفات کو رجسٹر کرنے کے موجودہ عمل کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ این ایچ ایس اسکاٹ لینڈ (NHS Scotland) کے کتابچے **'جب کسی کی وفات ہو جائے – آپ کے لیے معلومات'** کے حوالے سے معاونت کرتا ہے۔

**وفات کی وجہ کا طبی سرٹیفکیٹ (میڈیکل سرٹیفکیٹ آف کاز آف ڈیتھ) (MCCD) -** ڈاکٹر وارڈ میں وفات کی وجہ کا طبی سرٹیفکیٹ (میڈیکل سرٹیفکیٹ آف کاز آف ڈیتھ) مکمل کرے گا۔ یہ وفات کا سرٹیفکیٹ (ڈیتھ سرٹیفکیٹ) نہیں ہے۔

- اب آپ کو اسے وارڈ سے حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے – یہ براہ راست آپ کی پسند کے رجسٹری آفس بھیج دیا جائے گا۔
- آپ کو خود بخود اس سرٹیفکیٹ کی کاپی موصول نہیں ہوگی۔ اگر آپ کا کوئی سوال ہے، تو براہ کرم اس ٹیم سے بات کریں جس نے آپ کے رشتہ دار یا دوست کی دیکھ بھال کی تھی۔ ضرورت پڑنے پر وہ آپ کو صحت کے ریکارڈز (ہیلتھ ریکارڈز) تک رسائی کے بارے میں بھی مشورہ دے سکتے ہیں۔
- بعض اوقات کسی وفات کی اطلاع پروکیوریٹر فسکل کو دینے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ اس سے سرٹیفکیٹ کے اجراء میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ اگر اس کا اطلاق ہوتا ہے تو عملہ آپ کو آگاہ کرے گا۔

**رجسٹری آفس کا انتخاب کرنا -** عملہ قریبی رشتہ دار (نیکسٹ آف کن) یا قانونی سرپرست (لیگل گارڈین) سے پوچھے گا کہ وہ کس رجسٹری آفس میں سرٹیفکیٹ بھیجنا چاہیں گے۔ اس کے بعد وارڈ کلرک یہ کرے گا:

- آپ کے منتخب کردہ رجسٹری آفس کو وفات کی وجہ کے طبی سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی ای میل کرے گا۔
- قریبی رشتہ دار (نیکسٹ آف کن) یا قانونی سرپرست (لیگل گارڈین) کا نام اور ٹیلی فون نمبر شامل کرے گا۔
- اصل سرٹیفکیٹ رجسٹری آفس کو پوسٹ کرے گا۔

**وفات کا اندراج کرنا -** رجسٹری آفس اگلے اقدامات کی وضاحت کرنے کے لیے قریبی رشتہ دار (نیکسٹ آف کن) یا قانونی سرپرست (لیگل گارڈین) سے رابطہ کرے گا۔ آپ کو یہ پیشکش کی جا سکتی ہے:

- ایک ٹیلی فون یا آن لائن اپائنٹمنٹ (ریموٹ رجسٹریشن)، یا
- دفتر میں اپائنٹمنٹ۔

اندراج کے بعد - آپ کو وفات کے اندراج کا سرٹیفکیٹ (فارم ۱۴) ملے گا، جس کی تدفین یا جلانے (کریمیٹ کرنے) سے پہلے فیونرل ڈائریکٹر کو ضرورت ہوتی ہے۔ اگر اندراج کے وقت فیونرل ڈائریکٹر کا معلوم ہو، تو یہ فارم عام طور پر براہ راست انہیں ای میل کر دیا جاتا ہے۔ آپ کو ایک مفت مختصر ڈیتھ سرٹیفکیٹ بھی ملے گا۔ اگر ضرورت ہو تو آپ اضافی مکمل ڈیتھ سرٹیفکیٹس خرید سکتے ہیں۔

اگر آپ کا کوئی سوال ہے، تو براہ کرم عملے کے کسی رکن سے بات کریں۔

گلاسگو رائل انفرمری آئی سی یو (ICU) نارتھ اینڈ میک ملن پیلیٹیو کیئر پریکٹس ڈیولپمنٹ اینڈ ایجوکیشن ٹیم – اپریل ۲۰۲٦

mi • 320944 v2.0